3 جون 2015ء

اسٹیٹ بینک نے ایکس چینج کمپنیوں کو بل جمع کرنے اور بینک اے ٹی ایم نصب کرنے کی اجازت دے دی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایکس چینج کمپنیوں کے کاروبار کا دائرہ وسیع کرنے کی غرض سے 'اے' کیٹیگری والی ایکس چینج کمپنیوں کو واپڈا، کے الیکٹرک، پی ٹی سی ایل، سوئی سدرن گیس کمپنی وغیرہ جیسے یوٹیلٹی اداروں کے ساتھ ایسے معاہدوں کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے جن کے تحت یہ ایکس چینج کمپنیاں ان اداروں کی طرف سے پاکستانی روپے میں یوٹیلٹی بل وصول کرسکیں گی۔

یوٹیلٹی ادارے اور ایکس چینج کمپنی کے درمیان حتمی معاہدے کی ایک نقل برائے اطلاع ڈائریکٹر، ایکس چینج پالیسی ڈپارٹمنٹ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، کراچی کو ارسال کرنے کی ذمہ داری اس ایکس چینج کمپنی کی ہوگی۔

ایکس چینج کمپنیوں کو اپنی برانچوں میں اسٹیٹ بینک کی پیشگی اجازت کے بغیر متعلقہ بینک اور ایکس چینج کمپنی کے درمیان طے پانے والی شرائط وضوابط کے مطابق پاکستانی روپے کے بینک اے ٹی ایم نصب کرنے کی اجازت بھی دی گئی ہے۔

****